انگلیوں یا ہتھیلیوں سے اشارہ کر دینا اور منہ سے کچھ نہ کہنا ممنوع ہے۔[1] حدیثِ پاک میں اسے غیر مسلموں کا طریقہ بتایا گیا ہے۔[2] (1): سلام کرنے کی بجائے ہیلو، ہائے، بندگی، آداب عرض وغیرہ الفاظ کہنا سنّت کے خلاف ہے۔[3] (3): بعض لوگ سلام کرتے وقت جھک جاتے ہیں، یہ جھکنا اگر حدِ رکوع تک ہو (یعنی اتنا جھکنا کہ ہاتھ بڑھائے تو گھٹنوں تک پہنچ جائیں، یہ) حرام ہے اور اس سے کم ہو تو مکروہ ہے۔[4]

## سلام کرنے کے فائدے

❁ سلام کرنے سے پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی سُنّت پر عمل ہوتا ہے ❁ سلام کرنے سے نیکیوں میں اضافہ ہوتا ہے ❁ سلام میں پہل کرنا اللہ پاک اور اس کے رسول کے قرب کا ذریعہ ہے۔[5] ❁ سلام کرنے سے دل سے بغض و حسد نکلتا اور محبتوں میں اضافہ ہوتا ہے ❁ سلام میں پہل کرنے سے تکبر دور ہوتا اور عاجزی پیدا ہوتی ہے۔[6] ❁ گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنے سے برکتیں نازل ہوتیں ہیں۔[7]

## سلام نہ کرنے کے نقصانات

❁ سلام نہ کرنا بہت بڑے اجر و ثواب سے محرومی ہے ❁ روایات میں سلام نہ کرنے والے کو سب سے بڑا بخیل (کنجوس) کہا گیا ہے۔[8] ❁ سلام نہ کرنا تکبر اور غرور کی علامت ہے۔

---

1 ... مرآۃ المناجیح، جلد:6، صفحہ:328، بتغیر قلیل۔
2 ... سنن ترمذی، کتاب الستئذان والآداب، باب ماجاء فی کراھیۃ اشارۃ۔۔۔الخ، صفحہ:634، حدیث:2695۔
3 ... بہار شریعت، جلد:3، حصہ:16، صفحہ:465، ملخصًا۔
4 ... بہار شریعت، جلد:3، حصہ:16، صفحہ:464۔۔
5 ... سنن ابی داود، کتاب الادب، باب فی فضل من بدا بالسلام، صفحہ:810، حدیث:5197۔
6 ... شعب الایمان، باب فی مقاربہ و موادۃ اھل الدین، جلد:6، صفحہ:433، حدیث:8786۔
7 ... سنن ترمذی، کتاب الستئذان والآداب، باب ماجاء فی التسلیم اذا دخل۔۔۔الخ، صفحہ:635، حدیث:2698۔
8 ... الادب المفرد، باب من بخل بالسلام، صفحہ:306، حدیث:1042۔

